شغل بہتر ہے عشق بازی کا
کیا حقیقی و کیا مجازی کا
ہر زباں پر مثل شانہ مدام
ذکر تجھ زلف کی درازی کا
ہوش کے ہاتھ میں عناں نہ رہی
جب سوں دیکھا سوار تازی کا
نین دکھا کے اُپَس کے مُکھ کی کتاب
علم کھویا ہے دل سوں قاضی کا

یا

تہمت چند اپنے ذمّے دھر چلے
جس لیے آیے تھے، سو ہم کر چلے



No. of Printed Pages : 8

# BUDC-132

## B.A. General (Urdu) (CBCS)

## (BAG)

### Term-End Examination

### December, 2025

### BUDC-132 : Study of Urdu Classical Ghazal

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ سبھی حصوں کے تمام سوالوں کے جواب تحریر کرنا لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ ۱۰



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے ؟

ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

کیا ہمیں کام ان گلوں سے اے صبا!

اک دم آئے ادھر، اودھر چلے

شمع کی مانند ہم اس بزم میں

چشم تر آئے تھے دامن تر چلے

۲۔ اردو غزل کی صنفی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔ ۱۰

یا

''لکھنؤ میں اردو غزل'' پر ایک نوٹ لکھیے۔





۳۔ غزل میں مومن کی انفرادیت پر روشنی ڈالیے۔ ۱۰

یا

غالبؔ کی شاعری کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

(حصہ ب)

۴۔ میرؔ کی غزل گوئی پر مفصل اظہار خیال کیجیے۔ ۱۵

یا

آتشؔ کی غزل گوئی کی نمایاں خصوصیات بیان کیجیے۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

۵۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجیے۔ ۱۵

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہوگئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں
یاد تھیں ہم کو بھی رنگا رنگ بزم آرائیاں
لیکن اب نقش و نگار طاق نسیاں ہوگئیں
قید میں یعقوب نے لی گو نہ یوسف کی خبر
لیکن آنکھیں روزن دیوار زنداں ہوگئیں
سب رقیبوں سے ہوں ناخوش ہر زنان مصر سے
ہے زلیخا خوش کہ محو ماہ کنعاں ہوگئیں





جوئے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شام فراق
میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہوگئیں

یا

یہ آرزو تھی تجھے گل کے رو برو کرتے
ہم اور بلبلِ بے تاب گفتگو کرتے
پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا
زبان غیر سے کیا شرح آرزو کرتے
جو دیکھتے تری زنجیر زلف کا عالم
اسیر ہونے کی آزاد آرزو کرتے



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

سکھاتے نالہ شب گیر کو در اندازی
غم فراق کا اس چرخ کو عدو کرتے
وہ جانِ جاں نہیں آتا تو موت ہی آتی
دل و جگر کو کہاں تک بھلا لہو کرتے

(حصہ ج)

۶۔ اردو غزل کے فن اور موضوعات سے بحث کیجیے۔ ۲۰

یا

غزل کی مقبولیت کے اسباب بیان کیجیے۔





۷۔ خواجی میردرد کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے غزل گوئی میں ان کے امتیازات پر روشنی ڈالیے۔ ۲۰

یا

بہادرشاہ ظفر کی غزل کی خصوصیات بیان کیجیے۔

××××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com